# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

## وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1 - اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ اپنے سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

-2 کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' **Plagiarism** پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: میرؔ کا خصوصی مطالعہ (9022) سمسٹر: خزاں، 2025ء

سطح: بی ایس اردو

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL موڈ)

-1 تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

-2 سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

-3 ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔ صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنی ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اَپ لوڈ کر سکتے ہیں۔ فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیے۔

-4 ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

-5 مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔

-6 آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

-7 غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

## امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ 1 تا 5)

سوال 1- میرؔ کی زندگی کے احوال اُس کی شاعری میں واضح طور پر دکھائی دیتے ہیں، واضح کریں۔ (20)

سوال 2- میرؔ کے اسلوب کی اہم تر خصوصیات بیان کریں۔ (20)

سوال 3- میرؔ کا تصورِ عشق بعض امتیازی رنگوں کا حامل ہے، بحث کریں۔ (20)

سوال 4- کیا میرؔ کو ہم ایک صوفی شاعر کہہ سکتے ہیں؟ دلائل دے کر تائید یا تردید کریں۔ (20)

سوال 5- میرؔ کی شاعری میں تمثال کاری کے عمدہ نمونے ملتے ہیں، بصری تمثال کی دس مثالیں پیش کریں۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

## امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ 6 تا 9)

سوال 1- کن جدید غزل گو شعرا نے میرؔ سے زیادہ استفادہ کیا؟ تفصیل سے جواب دیں۔ (20)

سوال 2- میرؔ کے ذاتی احوال کا بڑا حصہ اُس کی مثنویوں میں عکس فگن ہے، بحث کریں۔ (20)

سوال 3- اثر لکھنوی اور مولوی عبدالحق کی میر شناسی پر مفصل شذرہ قلم بند کریں۔ (20)

سوال 4- میرؔ کی شاعری میں اوزان و بحور کا تنوع دیدنی ہے، اس رائے کی روشنی میں کلامِ میر کی غنایت پر تبصرہ کریں۔ (20)

سوال 5- مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح اس طرح کریں کہ ان کے محاسن واضح ہو جائیں۔ (5x4)

(1) جبیں سجدہ کرتے ہی کرتے گئی ۔۔۔ حق بندگی ہم ادا کر چلے

(2) دکھائی دیے یوں کہ بے خود کیا ۔۔۔ ہمیں آپ سے بھی جدا کر چلے

(3) وہ کیا چیز ہے آہ! جس کے لیے ۔۔۔ ہر اک چیز سے دل اُٹھا کر چلے

(4) کوئی ناامیدانہ کر کے نگاہ ۔۔۔ سو تم ہم سے منھ بھی چھپا کر چلے